AQF / Shabbir

01-09-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو عالمی سطح پر مواقع کی سب سے بڑی سرزمین قرار دیا ہے۔ انہوں نے اصلاحات، مستحکم پالیسی نظام اور اعلیٰ ترقی کا وعدہ کیا۔

.2 مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں ایک پائیدار الیکٹرانکس ایکوسسٹم قائم کرنے میں مدد فراہم کرنے کیلئے ایک نئی اسکیم شروع کرے گی۔

.3 مرکز نے ملک میں اعلیٰ کارکردگی کی حامل بائیو مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کیلئے معیشت، ماحولیات اور روزگار سے متعلق بائیو ٹیکنالوجی BioE3 پالیسی 2024 جاری کی۔

.4 مسلم اسکالروں اور مذہبی رہنماؤں نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو سے ملاقات کی اور وقف ترمیمی بل-2024 میں مجوزہ ترامیم کو اپنی حمایت دی۔

.5 متحدہ عرب امارات نے ملک میں غیر قانونی طورپر رہائش پذیر افراد کیلئے دو مہینے کے ویزا معافی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔

.6 اور : جرمنی کے Hanover میں سماعت سے محروم افراد کی نشانے بازی چمپئن شپ میں بھارت نے ایک سونے کے تمغہ سمیت چار تمغے حاصل کئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-ET WORLD LEADERS FORUM

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو عالمی سطح پر مواقع کی سب سے بڑی سرزمین قرار دیا ہے۔ انہوں نے کاروباری سیکٹر میں سہولت، اصلاحات، مستحکم پالیسی نظام اور اعلیٰ ترقی کا وعدہ کیا۔ ET World Leaders Forum سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے سرمایہ کاروں سے کہا کہ وہ اختراع، کارکردگی، مثبت رویے اور اعلیٰ معیار کی مصنوعات کا عزم

کریں۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت کی تیسری مدت کار زیادہ پُرعزم ارادوں کے ساتھ شروع ہوئی ہے اور یہ امید اور اعتماد سے بھرپور ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سال زیادہ تر ملکوں میں ہونے والے چناؤ میں لوگوں نے تبدیلی کیلئے ووٹ ڈالے، لیکن بھارت کے عوام نے موجودہ حکومت کو جاری رکھنے، نیز سیاسی استحکام اور اقتصادی ترقی کو ترجیح دی۔
جناب مودی نے کہا کہ ایک نیا **Neo** مڈل کلاس ملک کی ترقی کو آگے بڑھا رہا ہے اور مارکیٹ کیلئے سمت متعین کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کامیابی کی ایک منفرد داستان رقم کررہا ہے۔ ملک میں اصلاحات کے اثرات، ملک کی اقتصادی کارکردگی میں واضح طور پر نظر آرہے ہیں۔ گرین ہائیڈروجن، سیمی کنڈکٹرس، گہرے سمندر اور خلاء کے شعبوں میں حکومت کے اقدامات کو اُجاگر کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت ملک کو آئندہ درپیش چیلنجوں اور مواقع کیلئے پوری طرح تیار رکھنا چاہتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کا عزم دنیا بھر میں ہر کھانے کی میز پر میک اِن انڈیا پروڈکٹ کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی سرکار اصلاحات، کارکردگی اور یکسر تبدیلی کے منتر کے ساتھ لوگوں کی زندگی میں بڑی تبدیلیاں لانے میں کامیاب رہی ہے۔ **Byte: PM Modi**

## VASHNAV-ET FORUM

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں ایک پائیدار الیکٹرانکس ایکوسسٹم قائم کرنے میں مدد کیلئے ایک نئی اسکیم شروع کرے گی۔ نئی دلّی میں **ET World Leaders Forum** سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت میں استعمال میں ہونے والے تمام موبائل فون میں سے **99** فیصد سے زیادہ مقامی طور پر تیار کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس سال **Apple** اپنا جدید ترین ماڈل بھارت میں تیار کرے گا۔ وزیر موصوف نے مطلع کیا کہ بھارت میں الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کی قدر **2022-23** تک بڑھ کر **105** اَرب ڈالر ہوگئی ہے، جوکہ **2013-14** میں **29** ارب ڈالر تھی۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے اپنی تیسری مدت کار میں جون **2024** سے لے کر اب تک دو کھرب ڈالر کے ریل، سڑک، ہوائی اڈے اور بندرگاہ کے پروجیکٹوں کی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ حکومت کا نقطہ نظر ٹیکنالوجی کو جمہوری بنانا ہے، تاکہ اَس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ٹیکنالوجی کی بڑی کمپنیوں کی اس پر اجارہ داری نہ ہو۔×

## BIOE3 LAUNCH

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کل نئی دلّی میں معیشت، ماحولیات اور روزگار سے متعلق بائیو ٹیکنالوجی **BioE3** پالیسی **2024**، جاری کی۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اِس پالیسی سے ملک میں اعلیٰ کارکردگی پر مبنی بائیو مینوفیکچرنگ کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس پالیسی کے خوراک، توانائی اور صحت جیسے

مختلف شعبوں پر نمایاں اثرات ہوں گے۔ جناب سنگھ نے اجاگر کیا کہ سرکاری و نجی شراکت داری ماڈل پالیسی کے نفاذ کا ایک بنیادی جزو ہوگا، جس سے روزگار پیدا کرنے کو فروغ دینے کیلئے صنعت کو ترغیب ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بائیو مینوفیکچرنگ اور بائیو فاؤنڈری ملک کی مستقبل کی بائیو اکنامی کو آگے بڑھائے گی اور آلودگی سے پاک ترقی کو فروغ دے گی۔ مرکزی کابینہ نے پچھلے مہینے کی 24 تاریخ کو BioE3 پالیسی کو منظوری دے دی تھی۔ x

## DIGITAL BHARAT NIDHI

ٹیلی مواصلات ایکٹ-2023 کے تحت قواعد وضوابط کا پہلا سیٹ، جسے ڈیجیٹل بھارت نِدھی کے نام سے جانا جاتا ہے، نافذ ہوگیا ہے۔ حکومت نے اس سلسلے میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ ڈیجیٹل بھارت ندھی سابقہ یونیورسل سروس Obligation فنڈ، USOF کی جگہ لے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیجیٹل بھارت ندھی سے فنڈنگ، اسکیموں اور پروجیکٹوں پر عمل درآمد کرنے والوں کو فراہم کی جائے گی۔ اس کا استعمال ڈیجیٹل بھارت ندھی کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے کیا جائے گا۔ ڈیجیٹل بھارت ندھی، اُن اسکیموں اور پروجیکٹوں کو فنڈ فراہم کرے گی، جن کا مقصد معاشرے میں محروم طبقات کیلئے ٹیلی مواصلات کی خدمات تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ ان گروپوں میں خواتین، معذور افراد اور معاشی اور سماجی سطح پر کمزور طبقات شامل ہیں۔ ڈیجیٹل بھارت ندھی، مرکز کی طرف سے ایک نئی پہل ہے، جس کا مقصد ملک کے دیہی اور کم سہولت والے علاقوں میں ٹیلی مواصلات کی کنکٹی وٹی کو بڑھانا ہے۔

## JPC-MUSLIM SCHOLARS

مسلم اسکالروں اور مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو اور مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے چیئرپرسن جگدمبیکا پال سے ملاقات کی اور وقف ترمیمی بل-2024 میں پیش کی گئی تجاویز کو اپنی حمایت دی۔ اس وفد کی قیادت آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل کے چیئرمین اور اجمیر درگاہ کے سجادہ نشین کے جانشین سید نصیرالدین چشتی نے کی۔ وفد اور وزیر موصوف کے درمیان ہونے والی بات چیت مسلمانوں سے متعلق امور اور لوک سبھا میں حال ہی پیش کئے گئے وقف ترمیمی بل پر مرکوز رہی۔ نئی دلّی میں اقلیتی امور کے وزیر سے، اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے کے بعد وفد نے جگدمبیکا پال سے بھی ملاقات کی۔ جگدمبیکا پال وقف بل میں مجوزہ ترامیم کے بارے میں غور وخوض کرنے کیلئے قائم کردہ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین ہیں۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، 31 ارکان پارلیمنٹ پر مشتمل ہے، جس میں 21 ارکان لوک سبھا کے جبکہ 10 ارکان راجیہ سبھا کے ہیں۔ کرن رجیجو اور جگدمبیکا پال دونوں کے ساتھ خیالات کے تبادلے کے دوران مذکورہ وفد نے کہا کہ وقف بورڈ ملک بھر میں مسلمانوں کیلئے مسائل پیدا کرتا رہا ہے۔ وفد نے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC پر اپنا مکمل اعتماد ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ

انہیں پورا یقین ہے کہ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، وقف بورڈ کے سبب ملک بھر میں مساجد کو درپیش مسائل پر خصوصی توجہ دے گی۔
وفد نے وقف ترمیمی بل ضروری تجاویز کا خیر مقدم کیا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**TELANGANA RAINS**

تلنگانہ میں، موسلا دھار بارش کی وجہ ریاست کے بہت سے حصے بیحد متاثر ہیں، جس کی وجہ سے نشیبی علاقوں میں سیلاب کی صورتحال بن گئی ہے اور گاؤں اور مختلف علاقوں کے درمیان سڑکیں اور راستے بند ہوگئے ہیں۔ سوریہ پیٹ، مُلگو، محبوب آباد اور خمّام اضلاع کے زیادہ تر مقامات پر 29 سینٹی میٹر سے زیادہ کی بارش ریکارڈ کی گئی۔ متعدد اضلاع میں نالے اس قدر بھر گئے ہیں کہ سڑکیں اور راستے بند ہو گئے ہیں۔ حیدر آباد میں ڈسٹرکٹ کلکٹریکٹ اور اسٹیٹ سیکریٹریٹ میں کنٹرول روم کھولے گئے ہیں۔ ریاست کی چیف سکریٹری شانتی کماری نے ڈسٹرکٹ کلکٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ جانی اور مالی نقصان کو روکنے کے لیے ممکن حد تک اقدامات کریں۔ تاہم محکمۂ موسمیات نے انتباہ دیا ہے کہ ریاست میں اگلے دو دن تک شدید بارش جاری رہ سکتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے **V/C Lakshmi**

*ریاست میں شدید بارش کی وجہ سے متعدد اضلاع میں معمولاتِ زندگی بیحد متاثر ہے اور نشیبی علاقوں میں سیلاب کی صورتحال ہے جبکہ متعدد مقامات پر ندیاں اور نہریں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے آندھرا پردیش میں تلنگانہ کے سرحدی گاؤں میں ندی نہریں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں جن کے پانی کی وجہ سے قومی شاہراہوں پر ٹریفک بھی بیحد متاثر ہو رہا ہے۔ پولس نے عوام سے ان ندی نہروں کو پار نہ کرنے کی صلاح دی ہے اور اِن مقامات پر بیریکیڈس لگا دیے ہیں تا کہ یہاں ٹریفک کی آمدروفت کو روکا جا سکے۔ کئی ضلعوں میں شدید بارش کی وجہ سے تعلیم اداروں میں دو دن کی چھٹی کا اعلان کردیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت نے محکمہ موسمیات کی جانب سے شدید بارش کی پیشگوئی کے باعث آبپاشی کے افسران کے لیے ہائی الرٹ جاری کیاگیاہے۔ اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ آبی ذخائر اور تالابوں میں پانی کی سطح کی مسلسل نگرانی کرتی رہیں تا کہ پانی کو باہر بہنے سے روکا جا سکے۔*

*حیدر آباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....................*

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے ودربھ، تلنگان، رایل سیما، اندرونی اور ساحلی کرناٹک کے دور دراز کے علاقوں میں آج شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے مغربی مدھیہ پردیش اور مراٹھ واڑا میں بھی اسی طرح کی پیش گوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نگار سے۔ **VC Abhishek**

*IMD نے کیرالہ، ماہے، کوکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، گجرات اور شمال مشرقی ریاستوں میں بدھ تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔مشرقی راجستھان،ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، ہریانہ، پنجاب اور چنڈی گڑھ میں کل تک شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ سمندری طوفان ASNA مغرب - جنوب مغرب کی سَمت بڑھ سکتا ہے اور رفتہ رفتہ کمزور پڑکے کل تک بحیرۂ عرب کے شمال مغرب میں ایک گہرے دباؤں کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ مغربی وسطی خلیج بنگال اور ملحقہ شمال مغربی خلیجِ بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا جو حلقہ بنا تھا، وہ شمال مغرب کی جانب بڑھ گیا ہے اور آج یہ اسی خطے میں مرکوز ہے۔*

*ابھیشیک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........*

**UAE VISA AMNESTY PROGRAMME**

متحدہ عرب امارت نے دو ماہ کے لیے ویزا سے متعلق عام معافی کے پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ اس کے تحت ملک میں غیر قانونی طور پر رہ رہے افراد کو اپنی رہائش کو باضابطہ بنانے یا جرمانے کے بغیر ملک چھوڑنے کا اہم موقع دیا گیا ہے۔ آج سے نافذ ہونے والے اس پروگرام کا اعلان شناخت، شہریت، کسٹمز اور پورٹ سکیورٹی کی وفاقی اتھارٹی کے ذریعے کیا گیا ہے جو 30 اکتوبر 2024 تک جاری رہے گا۔

اس پروگرام کے تحت وہ افراد جن کے ہر طرح کے ویزا کی میعاد ختم ہوگئی ہے بشمول سیاحتی اور ریزی ڈینسی ویزوں کے، UAE میں اپنے قیام کو جاری رکھنے اور قانونی طور پر کام کرنے کے لیے، اپنی رہائش کی حیثیت کو درست کر سکتے ہیں یا وہ کسی جرمانے یا داخلے پر پابندی کے بغیر ملک چھوڑ سکتے ہیں تاہم یہ معافی اُن لوگوں کے لیے نہیں ہے جو غیر قانونی طور پر ملک میں داخل ہوئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Vinod Dubai**

*متحدہ عرب امارات کی حکومت نے زور دیا ہے کہ اس قدم سے قانون کے تئیں احترام،تحمل اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔ اس عمل میں سہولت کے لیے پورے UAE میں خدمات کے مراکز کے کام*

کے اوقات میں اضافہ کیا گیا ہے اور بہت سے مراکز صبح سات بجے سے رات 10 بجے تک کھلے رہیں گے۔ آن لائن درخواست بھی 24 گھنٹے دستیاب ہیں۔ UAE میں بھارتی برادری کی بڑی تعداد کے مدنظر، یہ عام معافی کی اسکیم خاص طور سے اہمیت کی حامل ہے۔ ملک میں بھارتیوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے جو UAE کی مجموعی آبادی کا تقریباً 30 فیصد ہے۔ UAE میں ایک اندازے کے مطابق بھارتی شہریوں کی تعداد 35 لاکھ ہے۔ ان میں 20 فیصد ابوظہبی میں رہتے ہیں باقی 80 فیصد دبئی سمیت چھ شمالی امارات میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ابوظہبی میں بھارتی سفارتخانے اور دبئی میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے معافی کی اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے بھارتی شہریوں کی مدد کے لیے اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ان میں بھارت واپس آنے کی خواہش رکھنے والے افراد کے لیے ایمرجنسی سرٹیفکیٹ اور اپنی رہائش کی حیثیت کو باضابطہ بنانے کے خواہشمند افراد کے لیے مختصر Validity والے پاسپورٹ کی سہولت کا التزام شامل ہے۔

دبئی سے ونود کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## DEAF SHOOTING CHAMPIAN SHIP

جرمنی کے Hanover میں سماعت سے محروم افراد کا نشانے بازی چیمپئن شپ میں بھارت نے ایک سونے کے تمغے سمیت چار تمغے حاصل کیے ہیں۔ انویا پرساد نے خواتین کے دس میٹر ایئرپسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ ابھینو دیشوال نے مردوں کے دس میٹر ایئر پسٹل مقابلہ میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے جبکہ ابھینو دیشوال، شبھم وششسٹ اور چیتن سبکال نے مردوں کے دس میٹر ایئرپسٹل ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ اس کے علاوہ شبھم وششسٹ نے مردوں کے ایئر پسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس چیمپئن شپ میں 16 ممالک سے کُل 69 ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔

## PARA LYMPICS

پیرس پیرالمپکس 2024 کے چوتھے دن بھارتی کھلاڑی تمغوں کی فہرست میں مزید اضافہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ بھارت کے روی رنگولی مردوں کے شاٹ پُٹ F-40 کے فائنل میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے جبکہ نشاد کمار کی نظر مردوں کے ہائی جمپ T-47 کے فائنل مقابلے میں تمغے پر رہے گی۔

اَونی لیکھارا بھی تمغوں کی فہرست میں ایک اور سونے کا تمغہ جوڑنے کی پوری کوشش کریں گی، کیونکہ وہ R-3 مکسڈ دس میٹر رائفل Prone SH1 کے کوالفکیشن راؤنڈ میں مقابلہ کریں گی۔ دوسری جانب سُہاس یتھیراج اور سُکانت کدَم مردوں کے سنگلز کے SL4 بیڈمنٹن کے سیمی فائنل مقابلے میں کھیلتے ہوئے فائنل میں اپنی جگہ بنانے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔

اِس کے علاوہ ٹریک اور فیلڈ ایتھلیٹس کے پاس بھی تمغوں کی فہرست میں اضافہ کرنے کے مواقع ہوں گے۔

گُل روبینہ فرانسس نے بھارت کے لیے پانچواں تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے پیرا شوٹنگ T-2 میں خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل SH1 مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی روبینہ پسٹل مقابلوں میں تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہیں۔ فی الحال بھارت کُل پانچ تمغوں کے ساتھ درجہ بندی میں 22 ویں مقام پر ہے، جس میں ایک سونے کا،ایک چاندی کا اور تین کانسے کے تمغے شامل ہیں۔x

## HIMANSHI TOKAS JUDO

جنوبی کوریا کے شہر Mungyeong میں جاری Asian Cadet and Junior Judo چمپئن شپ میں کل بھارت کی Himanchi Tokas نے خواتین کے 63 کلو گرام زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ 19 سالہ ہمانشی کھیلو بھارت ایتھلیٹ ہیں۔ چار روزہ Judo چمپئن شپ آج اختتام پذیر ہورہی ہے۔x

## BSF ARRES

سرحدی سلامتی دستہ، BSF اور گورنمنٹ ریلوے پولیس GRF نے تریپورہ میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کے پاداش میں سات بنگلہ دیشی شہریوں اور دو روہنگیا افراد کو گرفتار کیا ہے۔ BSF کے ترجمان نے بتایا کہ سرحد کی نگہبانی کرنے والے فوجیوں نے ایک خاتون اور ایک بچی سمیت تین بنگلہ دیشی شہریوں کو تریپورہ کی Ramgichera سرحدی چوکی سے، اُس وقت حراست میں لیا، جب وہ سرحدی باڑ کو پار کررہے تھے۔ ریاستی پولیس کے ساتھ BSF کی ایک اور کارروائی میں Bagcherra گاؤں سے مزید دو بنگلہ دیشی شہریوں اور ان کی مدد کرنے والے ایک شخص کو حراست میں لیا ہے۔ اس سے پہلے اسی طرح کے ایک اور واقعہ میں GRF اہلکاروں نے جمعہ کی رات کو اگرتلہ ریلو اسٹیشن سے ایک خاتون سمیت دو روہنگیا افراد کو گرفتار کیا۔x

## EC HARYANA POOL DATE CHANGE

انتخابی کمیشن نے ہریانہ اسمبلی چناؤ کی تاریخ میں تبدیلی کردی ہے۔ اب ہریانہ میں یکم اکتوبر کی جگہ پانچ اکتوبر کو پولنگ ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہریانہ کی بشنوئی برداری بڑی تعداد میں راجستھان جارہی ہے، تا کہ وہ صدیوں پرانےAsoj Amavasya فیسٹول کی تقریب میں شرکت کرسکے۔ اس سلسلے میں متعدد شراکت داروں کی نمائندگیوں کے مطابق چناؤ کی تاریخ میں یہ تبدیلی کی گئی ہے۔ انتخابی کمیشن نے لوگوں کے ووٹ دینے کے حقوق کا تحفظ کرنے کیلئے انتخابات کی تاریخ کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ ہریانہ اور جموں وکشمیر دونوں میں ووٹوں

کی گنتی اب چار اکتوبر کے بجائے 8 اکتوبر کو کی جائے گی۔×

**WOLRD SKILLS**

بھارتی دستہ، ورلڈ اِسکل 2024 میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے کیلئے 6 ستمبر کو فرانس کے شہر Lyon روانہ ہونے کیلئے تیار ہے۔ 61 ہُنرمندیوں میں مقابلہ کرنے والا 60 شرکاء پر مشتمل بھارتی دستہ ملک کی نمائندگی کرنے والے گروپوں میں سے ایک ہے۔ ہنرمندی کے فروغ اور انٹرپرینیورشپ کے وزیر مملکت آزادانہ چارج اور وزارت تعلیم میں وزیر مملکت جینت چودھری اِن امیدواروں کو روانہ کریں گے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے بھارت منڈپم میں ضلع عدالتوں کی نیشنل کانفرنس سے وزیراعظم کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے خواتین کے خلاف مظالم معاشرے کیلئے سنگین تشویش کا باعث، خواتین کے تحفظ کیلئے سخت قوانین موجود۔ اخبار ملاپ کی اس سلسلے میں شہ سرخی ہے عدالت عظمیٰ کے 75 سال مکمل۔

وزیراعظم نریندر مودی نے 75 روپے کا ایک یادگاری سکہ اور ڈاک ٹکٹ جاری کیا۔ اخبار انقلاب سمیت دیگر اخباروں نے انتخابی کمیشن کے ذریعہ ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کے لیے، پولنگ کی تاریخ تبدیل کرتے ہوئے پانچ اکتوبر کیے جانے کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس نے بھی اس خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم کے ذریعہ تین نئی وندے بھارت ٹرینوں کے افتتاح کی خبر کو اہمیت دی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ میں جنگ بندی کے لیے مذاکرات جاری، معاہدے پر عمل درآمد کی تفصیلات زیر بحث۔
- ایف۔16 طیارہ حادثہ: زیلنسکی نے فضائیہ کے سربراہ کو کیا برطرف۔
- برازیل میں 'ایکس' کی معطّلی آزادی اظہار پر غیر متوقع حملہ: ایلون مسک کا بیان

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کو عالمی سطح پر مواقع کی سب سے بڑی سرزمین قرار دیا ہے۔ انہوں نے اصلاحات، مستحکم پالیسی نظام اور اعلیٰ ترقی کا وعدہ کیا۔

2. مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں ایک پائیدار الیکٹرانکس ایکوسسٹم قائم کرنے میں مدد فراہم کرنے کیلئے ایک نئی اسکیم شروع کرے گی۔

3. مرکز نے ملک میں اعلیٰ کارکردگی کی حامل بائیو مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کیلئے معیشت، ماحولیات اور روزگار سے متعلق بائیو ٹیکنالوجی BioE3 پالیسی 2024 جاری کی۔

4. مسلم اسکالروں اور مذہبی رہنماؤں نے اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو سے ملاقات کی اور وقف ترمیمی بل-2024 میں مجوزہ ترامیم کو اپنی حمایت دی۔

5. متحدہ عرب امارات نے ملک میں غیر قانونی طورپر رہائش پذیر افراد کیلئے دو مہینے کے ویزا معافی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔

6. اور : جرمنی کے Hanover میں سماعت سے محروم افراد کی نشانے بازی چمپئن شپ میں بھارت نے ایک سونے کے تمغہ سمیت چار تمغے حاصل کئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---